KANZUL MADARIS BOARD

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **عالمیہ سال اول** | پرچہ: **پانچواں** | مضمون: **الفقہ**

تاریخ: **17-02-2024** | دن: **ہفتہ** | کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** | کل نمبر: **75**

رول نمبر: _____

جوابی کاپی نمبر: _____

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: بیع باطل اور بیع فاسد میں فرق بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: بیع الطریق اور بیع مسیل الماء کا حکم مع الدلیل بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: صاحب ہدایہ نے مکیلی اور موزونی اشیاء کے بارے میں جو ضابطہ بیان کیا ہے وہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: امام شافعی کے نزدیک حیوان میں بیع سلم کیوں جائز ہے؟ علت بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: بیع سلم کتنی اور کون کون سی شرائط کے ساتھ درست ہوتی ہے؟ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 6: اندھے کا خیار کب ساقط ہوگا اور کب ساقط نہیں ہوگا؟

سوال نمبر 7: بیع صرف کی تعریف سپرد قلم کیجئے۔

سوال نمبر 8: کیا فاسق شخص کو قاضی بنانا درست ہے؟ دلیل سے بیان کیجئے۔

سوال نمبر 9: کن چیزوں سے وکالت باطل ہو جاتی ہے؟

سوال نمبر 10: احناف کے نزدیک وکیل بالبیع والشراء کا کن افراد کے ساتھ عقد کرنا جائز نہیں ہے؟ وجہ بھی بیان کیجئے۔

سوال نمبر 11: غبن فاحش کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 12: "ومن باع قطعة نقرة ثم استحق بعضها اخذ ما بقي بحصته" اس مسئلہ کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 13: کس شخص کے لیے عہدہ قضاء کو قبول کرنا مکروہ ہے؟

سوال نمبر 14: وہ عقد جسے وکلاء منعقد کرتے ہیں اس کی اقسام کی تعریفات بیان کیجئے۔

سوال نمبر 15: مضاربت کی مشروعیت کی دلیل بیان کیجئے۔

سوال نمبر 16: صاحبین کے نزدیک خیار شرط کی مدت مع الدلیل بیان کیجئے۔

سوال نمبر 17: مسلم اور ذمی کافر شفعہ میں کیوں برابر ہیں؟

سوال نمبر 18: جار ملاصق کی تعریف سپرد قلم کیجئے۔

سوال نمبر 19: "ولا یصح الرهن الا بدین مضمون" دین مضمون سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 20: اجیر مشترک اجرت کا مستحق کب ہوگا؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: خیار رویت کے ساتھ عقد درست ہے یا نہیں؟ احناف اور شوافع کا اختلاف مع الدلیل بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: "ولا یجوز السلم الا موجلا" اس مسئلہ میں احناف کا مؤقف دلیلِ عقلی و نقلی کے ساتھ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: قاضی فیصلہ کرنے کے لیے کس جگہ کا انتخاب کرے؟ تفصیلا بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: "الشفعة واجبة فی العقار" اس مسئلہ میں اختلاف ائمہ مع الدلیل بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: قتل کی اقسام خمسہ کی تعریفات مع حکم بیان کیجئے۔